حکومتِ پاکستان

اپریل

۲۰۲۶

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال





ہفتہ -۳

۱۵-۲۱اپریل


قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر-۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸\۲

اسلام آباد، پاکستان


# حکومت پاکستان
# محکمہ موسمیات
## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

فون:9250598- 051
فیکس:9250368- 051


## هفته وار موسم کی صورتحال

۲۲اپریل۲۰۲۶

اپریل۲۰۲۶ کے تیسرے ہفتے (۱۵-۲۱اپریل) کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں ہلکی سے معتدل بارش ریکارڈ کی گئی۔ تصویر ۱ میں بارش کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس ہفتے میں خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور شمالی پنجاب میں ۵ سے ۴۵ ملی میٹر تک نمایاں بارش ریکارڈ کی گئی۔ بلوچستان میں صرف ژوب اور گردونواح میں ۱ سے ۵ ملی میٹر بارش ہوئی، جبکہ بقیہ تمام صوبہ بلوچستان اور سندھ مکمل طور پر خشک رہے۔ وسطی و جنوبی پنجاب کے بیشتر علاقوں میں بھی موسم خشک رہا۔ تصویر ۲ میں ہفتہ وار بارش کا معمول (۱۹۹۱-۲۰۲۰) سے موازنہ بتاتا ہے جس کے مطابق اس ہفتے ملک کے بیشتر حصوں میں بارش معمول سے کم رہی، جہاں خیبر پختونخوا اور بالائی پنجاب کے چند علاقوں میں منفی انحراف ۲۰ سے ۵۰ ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا۔ بلوچستان کے شمالی حصوں (ژوب) اور گلگت بلتستان میں بارش معمول کے قریب رہی، جبکہ سندھ اور جنوبی بلوچستان میں بارش نہ ہونے کے باعث صورتحال معمول کے مطابق خشک رہی۔ مجموعی طور پر ملک کا بڑا حصہ منفی انحراف کے زیرِ اثر رہا۔




تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم




تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں اپریل ۲۰۲۶ کے تیسرے ہفتے (۱۵-۲۱اپریل) کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ ملک بھر میں اوسط درجہ حرارت تقریباً ۷ سے ۳۳ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ جنوبی سندھ، جنوبی پنجاب اور بیشتر بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت ۲۵ سے ۳۳ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے برعکس، خیبر پختونخوا، پنجاب کے بالائی حصوں، کشمیر اور گلگت بلتستان میں اوسط درجہ حرارت ۷ سے ۲۳ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا. تصویر ۴ میں ہفتہ وار معمول درجہ حرارت (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے موسمیاتی اوسط سے موازنہ کرکے درجہ حرارت کے انحراف کو پیش کیا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں درجہ حرارت معمول سے ۲ سے ۸ ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ تاہم خیبر پختونخوا کے چند حصوں (پشاور) اور پنجاب کے بعض وسطی علاقوں (میانوالی) میں درجہ حرارت معمول سے کافی زیادہ یعنی ۸ سے ۱۲ ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ساحلی علاقوں اور گلگت بلتستان میں درجہ حرارت معمول کے قریب رہا۔




تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم




تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۱۵ سے ۲۱ اپریل کے دوران بارشوں کی موسمیاتی اوسط جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔اس ہفتے کے دوران ملک میں سب سے زیادہ معمول کی بارش شمالی خیبر پختونخوا اور اس سے ملحقہ علاقوں میں ہوتی ہے، جہاں مقدار ۲۰ سے ۵۰ ملی میٹر کے درمیان ریکارڈ کی جاتی ہے۔ بالائی پنجاب، خیبر پختونخوا کے دیگر حصوں، کشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول کی بارش ۵ سے ۲۰ ملی میٹر تک ہوتی ہے، جبکہ سندھ اور بلوچستان میں یہ ہفتہ عام طور پر خشک رہتا ہے یا وہاں بارش کی مقدار ۵ ملی میٹر سے بھی کم ہوتی ہے تصویر ۶ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۱۵ سے ۲۱ اپریل کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے تصویر ۶ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۱۵ سے ۲۱ اپریل کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ملک بھر میں معمول کا اوسط درجہ حرارت تقریباً ۷ سے ۳۱ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے ۔ جنوبی سندھ، جنوبی پنجاب اور بیشتر بلوچستان میں معمول کا اوسط درجہ حرارت ۲۳ سے ۳۱ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا جاتا ہے۔اس کے برعکس، خیبر پختونخوا، پنجاب کے بالائی حصوں، کشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول کا اوسط درجہ حرارت ۷ سے ۲۳ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔





تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم




تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو دکھاتا ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، جس میں ۱۴ سے ۲۰ اپریل کے دوران مٹی کی نمی کی صورتحال کو ظاہر کرتا ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸ تا ۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔ خشک سالی کے اشاریوں کو تاریخی موسمیاتی اعداد کے تناظر میں percentile کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے جہاں کم فیصد (نارنجی سے سرخ رنگ) معمول سے خشک حالت کو ظاہر کرتے ہیں اور زیادہ فیصد (سبز سے نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی والی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جنوبی بلوچستان، صوبہ سندھ اور گلگت بلتستان کے چند شمالی حصوں میں معمول سے زیادہ نمی کی سطح دیکھی گئی، جو پانی کی مناسب دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔اس کے برعکس، اوسط سے کم نمی کی صورتحال خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان کے چند وسطی اور جنوبی حصوں اور صوبہ پنجاب کے شمالی اور جنوب مشرقی علاقوں میں پائی گئی، جو آبی دباؤ (hydrological stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔




تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## ۲۲ سے ۳۰ اپریل کے دوران موسم کی پیشنگوئی

۲۲ سے ۳۰ اپریل کے دوران ملک کے بیشتر میدانی علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا، تاہم بالائی خیبر پختونخوا، مری، گلیات، کشمیر اور گلگت بلتستان میں موسم ابر آلود رہنے اور ہواؤں کے ساتھ بارش کی توقع ہے، جبکہ جنوبی حصوں میں دن کے وقت گرمی کی شدت برقرار رہے گی۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

APRIL

2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE



## WEEK-3

15th- 21st April




**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,

Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
**(National Drought Monitoring Centre)**
**Islamabad**

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Dated: 22nd April, 2026

# Weekly Weather Update

During the third week of April 2026 (15-21 April), Light to moderate rainfall was recorded in most parts of the country. Figure 1 shows the spatial distribution of rainfall, indicating significant rainfall over Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, and northern Punjab. In Balochistan, only Zhob and its surroundings received 1 to 5 mm of rainfall, while the rest of Balochistan and Sindh remained dry. Most of the areas of central and southern Punjab also remained dry. Figure 2 shows the departure of weekly rainfall from the normal (1991-2020), indicating that rainfall remained below normal across most of the country, with negative departures of up to 20 mm or more over Sindh, Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, and northern Punjab. Notably, the northern areas of Balochistan (Zhob) and Gilgit-Baltistan received above-normal rainfall, with positive departures exceeding 5-45 mm.





*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*





*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 shows the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the third week of April 2026 (April 15-21). Mean temperatures ranged from approximately 7°C to 33°C across the country. Southern Sindh, southern Punjab and most of Balochistan recorded the highest mean temperatures, ranging from 25°C to 23°C. Khyber Pakhtunkhwa, upper parts of Punjab, Kashmir and Gilgit-Baltistan experienced mean temperatures between 7°C and 23°C. Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991-2020). During this week, temperatures remained above normal across most of the country, with positive departures of 2°C to 8°C. However, coastal areas and Gilgit-Baltistan recorded temperatures close to normal.





*Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)*





*Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)*

Figure 5 shows the climatological average geographical distribution of rainfall during 15-21 April based on the period (1991-2020). The highest normal rainfall in the country during this week occurs in northern Khyber Pakhtunkhwa and adjoining areas, where the amount is recorded between 20 and 50 mm. Upper Punjab, other parts of Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir, and Gilgit-Baltistan receive normal rainfall between 5 and 20 mm, while Sindh and Balochistan generally remain dry or receive less than 5 mm of rainfall during this week. Figure 6 shows the geographical distribution of average temperature during 15-21 April based on the period (1991-2020). The normal average temperature across the country ranges from about 7 to 31 degrees Celsius. The normal average temperature is recorded in the range of 23 to 31 degrees Celsius in southern Sindh, southern Punjab and most of Balochistan. In contrast, the normal average temperature in Khyber Pakhtunkhwa, upper parts of Punjab, Kashmir and Gilgit-Baltistan ranges between 7 and 23 degrees Celsius.





*Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)*





*Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature (°C)*

Figure 7 illustrates the anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, depicting soil moisture conditions during April 14-20, compared with the long-term average (1948-2012). Indicators of drought are presented in percentiles where lower percentiles (orange to red shades) represent drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) indicate wetter-than-normal conditions. Above-normal moisture levels were observed in southern Balochistan, Sindh province, and some northern parts of Gilgit-Baltistan, indicating adequate water availability. Conversely, below-average moisture conditions were observed in Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir, some central and southern parts of Gilgit-Baltistan, and northern and southeastern parts of Punjab province, indicating hydrological stress.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## <u>Forecast for 22nd to 30th April, 2026</u>

Mainly hot and dry weather is expected in most of the plains of the country from April 22 to 30. However, cloudy weather and rain with winds are expected in upper Khyber Pakhtunkhwa, Murree, Galiat, Kashmir, and Gilgit-Baltistan, while the southern parts will remain hot during the day.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php